# Regional Urdu Text Bulletin, Chatrapati Sambhajinagar

Date: 15 April-2024

Time: 09:00-09:10 am

## آ کاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: ۱۵/اپریل ۲۰۲۴ء

وقت: ۹:۰۰-۹:۱۰

***** ***** *****

:::::سرخیاں:::::

پیش ہے خاص خبروں کی سرخیاں:

☆ غریبوں‘ کسانوں‘ نوجوانوں اور خواتین کو مرکز بنا کر تیار کردہ بی جے پی کے انتخابی منشور کا اجراء؛ کانگریس کی جانب سے سخت تنقید۔

☆ مراٹھا سماج کو او بی سی کوٹے سے ریزرویشن دینے کیلئے 5 جون سے غیر معینہ مدت کیلئے بھوک ہڑتال کا منوج جرانگے پاٹل کا انتباہ۔

☆ جالنہ ضلع کے عنبڑ میں تین بہن بھائیوں کی موت؛ والد گرفتار۔

اور۔۔۔ ☆ بھارت رَتن ڈاکٹر بابا صاحب امبیڈکر کا یومِ پیدائش کل جوش وخروش سے منایا گیا۔

***** ***** *****

اب خبریں تفصیل سے:

’’سب کا ساتھ‘ سب کا وِکاس‘‘ نعرے کی بنیاد پر غریبوں‘ کسانوں‘ نوجوانوں اور خواتین پر توجہ مرکوز کرتے ہوئے تیار کردہ بی جے پی کا انتخابی منشور کل جاری کر دیا گیا۔ معاشی طور پر کمزور افراد کو راشن کارڈ پر مفت اناج دینے کی سہولت مزید پانچ برس بڑھانے‘ پردھان منتری آواس یوجنا کے تحت تین کروڑ مکانوں کی تعمیر اور 70 سال سے زائد عمر کے تمام بزرگوں تک آیوشمان بھارت یوجنا پہنچانے کا وعدہ اس منشور میں کیا گیا ہے۔ ایک ملک ایک الیکشن‘ یکساں مشترکہ حلقہ بندیاں اور امتحانی پرچوں کے افشاء کے خلاف قانون وضع کرنے کا تیقن بھی بی جے پی نے اپنے منشور میں دیا۔

***** ***** *****

کانگریس پارٹی نے بی جے پی کے انتخابی منشور پر سخت تنقید کی ہے۔ پارٹی کے ریاستی صدر نانا پٹولے نے کہا کہ انتخابات آنے پر بی جے پی کو کسان‘ چھوٹے تاجروں اور نوجوانوں کی یاد آئی ہے۔ کل ناگپور میں اخباری نمائندوں سے گفتگو کرتے ہوئے انھوں نے کہا کہ یکساں سول کوڈ نافذ کرنے کا وعدہ تو بی جے پی نے گذشتہ انتخابات میں بھی کیا تھا، لیکن اب تک اس وعدے کو پورا کیوں نہیں کیا گیا۔ انھوں نے مزید کہا کہ گذشتہ دو انتخابی منشوروں کے نکات اور وعدوں کو اس منشور میں بھی شامل کر رکھا ہے۔

***** ***** *****

بھنڈارا - گوندیا لوک سبھا حلقے کے این ڈی اے کے امیدوار سنیل مینڈھے کی تشہیر کیلئے بی جے پی رہنماء امیت شاہ نے کل ایک انتخابی جلسے میں شرکت کی۔ اس موقع پر اپنے خطاب میں انھوں نے بابا صاحب امبیڈکر کو خراجِ عقیدت پیش کیا اور کہا کہ ریزرویشن کو کسی بھی صورت میں نقصان پہنچانے نہیں دیا جائیگا۔

ناگپور میں مہاوِکاس آگھاڑی کے اُمیدوار وکاس ٹھاکرے کے تشہیری جلسے سے کانگریس کے قومی صدر ملک ارجن کھرگے نے خطاب کیا۔انھوں نے کہا کہ ملک کے دستور اور جمہوریت کے تحفظ کیلئے کانگریس کی جدوجہد منوواد ی طرزِ فکر کے خلاف ہے۔
مراٹھواڑہ میں پربھنی میں مہایوتی کے امیدوار مہادیو جانکر کی تشہیری مہم میں راشٹروادی کانگریس رہنماء اور وزیرِ زراعت دھننجے منڈے نے شرکت کی۔مجلس اتحادالمسلمین کے سربراہ اسدالدین اویسی کل چھترپتی سمبھاجی نگر کے دورے پر پہنچے۔انھوں نے مسلم علماء اور دانشوروں سے کل بات چیت کی۔ آج وہ ویجاپور اور کنڑ میں تشہیری جلسوں سے خطاب کریں گے۔

***** ***** *****

راشٹروادی کانگریس شرد چندر پوار پارٹی کے ماڈھا حلقۂ انتخاب میں دھیریہ شیل موہیتے پاٹل کل بروز منگل اپنا پرچۂ نامزدگی داخل کریں گے۔ گذشتہ روز انھوں نے شرد پوار کی پارٹی میں شمولیت اختیار کی ہے۔اس موقع پر سابق وزیرِ اعلیٰ سشیل کمار شندے‘ کسان مزدور پارٹی کے جینت پاٹل اور دیگر اہم شخصیات بھی موجود تھیں۔

***** ***** *****

مراٹھا ریزرویشن تحریک کے رہنماء منوج جرانگے پاٹل نے انتباہ دیا ہے کہ مراٹھا برادری کو دیگر پسماندہ طبقات کے کوٹے سے جلد از جلد ریزرویشن نہیں دیا گیا تو وہ پانچ جون سے غیر معینہ مدت کی بھوک ہڑتال کریں گے۔کل ممبئی میں چیتیہ بھومی پر وہ اخباری نمائندوں سے گفتگو کر رہے تھے۔ انھوں نے کہا کہ مراٹھا سماج اسمبلی انتخابات کی تیاریاں کرے گا۔

***** ***** *****

جالنہ ضلع کے عنبڑ تعلقے کے ڈومے گاؤں میں ایک کنویں سے تین حقیقی بہن بھائیوں کی لاشیں برآمد ہوئی ہیں۔ان تینوں کا نام سوہم‘ شیوامی اور دیپالی بتایا جاتا ہے اور ان کی عمریں علی الترتیب 11‘ 8‘ اور 7 برس بتائی گئی ہیں۔اس معاملے میں بچوں کے والد سنتوش تاکوالے کو کل شب دیر گئے چھترپتی سمبھاجی نگر سے گرفتار کرلیا گیا۔

***** ***** *****

ناندیڑ ضلع کی سرحد پر واقع ایوت محل ضلع کے کوٹھا بازار میں ایک خاتون اور دو کمسن بچیاں پین گنگا ندی میں ڈوب کر ہلاک ہوگئیں۔پوجا کا سامان ندی میں ڈالنے کیلئے آنے والی ان تینوں میں ایک لڑکی پاؤں پھسلنے سے وہ پانی میں جا گری‘ اسے بچانے کی کوشش میں دیگر دو بھی ندی میں ڈوب کر ہلاک ہوگئیں۔

***** ***** *****

محکمۂ محصول کے خفیہ شعبے نے کل ناسک میں جنگلی حیات کے اعضاء کی اسمگلنگ کرنے والوں کو گرفتار کرلیا۔اس کے قبضے سے گھوڑ پڑ کے ہاتھوں کے 781 جوڑ اور 19 کلو سے زائد وزنی مرجان ضبط کرلیے گئے۔اس سلسلے میں جاری خبر میں بتایا گیا ہے کہ ناندگاؤں ریلوے اسٹیشن احاطے میں تقریباً نصف کلومیٹر تعاقب کرنے کے بعد اس اسمگلر کو گرفتار کیا گیا۔

***** ***** *****

ڈاکٹر بابا صاحب امبیڈکر کا 133 واں یومِ پیدائش کل عقیدت اور جوش وخروش سے منایا گیا۔ممبئی میں دادر کی چیتیہ بھومی پر ڈاکٹر بابا صاحب امبیڈکر کی قیام گاہ ’’راج گرہ‘‘ پر شہریوں نے بڑے پیمانے پر انھیں خراجِ عقیدت پیش کیا اور ہیلی کاپٹر کے ذریعے چیتیہ بھومی پر پھول برسائے گئے۔چیتیہ بھومی علاقے میں ڈاکٹر امبیڈکر کی زندگی پر مبنی تصویری نمائش بھی لگائی گئی۔گورنر رمیش بئیس اور وزیرِ اعلیٰ ایکناتھ شندے نے چیتیہ بھومی کا دورہ کرکے ڈاکٹر امبیڈکر کو خراجِ عقیدت پیش کیا۔نائب وزیرِ اعلیٰ دیویندر پھڑنویس نے ناگپور کی دِکشا بھومی پر ڈاکٹر امبیڈکر کے استھی کلش کے درشن کیے۔نائب وزیرِ اعلیٰ اجیت پوار نے پونا ضلع کلکٹر دفتر میں بابا صاحب کے مجسّمے پر گلہائے عقیدت پیش کیے۔

کانگریس کے قومی صدر ملک ارجن کھر گے نے کل دِکشا بھومی کا دورہ کر کے ڈاکٹر امبیڈکر کو خراجِ عقیدت پیش کیا۔

چھترپتی سمبھاجی نگر میں ڈاکٹر باباصاحب امبیڈکر مراٹھواڑہ یونیورسٹی میں ''معمارِ قوم ڈاکٹر باباصاحب امبیڈکر'' کے عنوان پر ڈاکٹر اروند گائیکواڑ نے خطاب کیا۔ انھوں نے کہا کہ باباصاحب نے دستورِ ہند ترتیب دینے کے ساتھ ساتھ توانائی، بجلی اور آبی پالیسی بھی طئے کر دی تھی۔ وائس چانسلر ڈاکٹر وجئے پھلاری سمیت کئی اہم شخصیات اس موقع پر موجود تھیں۔

چھترپتی سمبھاجی نگر ضلع کلکٹر دفتر میں ''ڈاکٹر باباصاحب امبیڈکر کا یومِ پیدائش اور مضبوط و مستحکم جمہوریت کیلئے ووٹ کی افادیت'' کے عنوان سے بزرگ مفکر جئے دیوڈوڑے نے رہنمائی کی۔ انھوں نے کہا کہ جمہوریت کو مضبوط اور مستحکم کرنے کیلئے باباصاحب نے عام شہری کو ووٹ کا حق دیا۔

آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر کے افسران و ملازمین نے بھی ڈاکٹر امبیڈکر کی تصویر پر پھول چڑھا کر انھیں خراجِ عقیدت پیش کیا۔ بھڑکل گیٹ علاقے کے ڈاکٹر باباصاحب امبیڈکر کے قدِ آدم مجسّمے پر مختلف سماجی، سیاسی اور تعلیمی تنظیموں کی جانب سے پھول چڑھائے گئے۔

مہاتما گاندھی مشن یونیورسٹی میں ڈاکٹر باباصاحب امبیڈکر سینٹر فار بدھسٹ اسٹڈیز کا کل افتتاح عمل میں آیا۔

ناندیڑ میں سوامی رامانند تیرتھ مراٹھواڑہ یونیورسٹی میں وائس چانسلر ڈاکٹر منوہر چاسکر کی موجودگی میں باباصاحب کو خراجِ عقیدت پیش کیا گیا۔ جالنہ شہر کے مست گڑھ میں نصب ڈاکٹر امبیڈکر کے مجسّمے پر کل صبح ہی سے عقیدت مندوں کا ہجوم موجود تھا۔ اس موقع پر وہاں عطیۂ خون کیمپ، طبّی جانچ اور کھانے پینے کی اشیاء تقسیم کی گئیں۔ شہر میں ایک بڑی ریلی بھی نکالی گئی۔

پربھنی ضلع کلکٹر دفتر کے روبرو ڈاکٹر امبیڈکر کے مجسّمے پر خراجِ عقیدت پیش کرنے کیلئے عقیدت مندوں کی قطاریں نظر آئیں۔ اس موقع پر بھکو تنظیم کی جانب سے پنچ شیل پرچم کشائی بھی کی گئی اور کتابوں کی نمائش کا اہتمام بھی کیا گیا۔

پربھنی اور آکولہ میں بھی معمارِ آئین ڈاکٹر باباصاحب امبیڈکر کو خراجِ عقیدت پیش کیا گیا۔

***** ***** *****

لوک سبھا انتخابات کے پیشِ نظر نئے رائے دہندگان کے اندراج اور رائے دہی کی شرح میں اضافے کیلئے بھارت رَتن ڈاکٹر باباصاحب امبیڈکر کے یومِ پیدائش کے حوالے سے کل چیتیہ بھومی پر رائے دہندگان کی بیداری کیلئے ایک خصوصی دستخطی مہم چلائی گئی۔ اس میں دستخط کیلئے آویزاں بورڈ پر گورنر رمیش بئیس نے بھی دستخط کیے اور تمام رائے دہندگان کو اپنے حقِ رائے دہی کا استعمال کرنے کی ترغیب دی۔

***** ***** *****

14 اپریل کا دِن ''قومی دِن برائے خدماتِ دستۂ آتش فرو'' کے طور پر بھی منایا جاتا ہے۔ 14 اپریل 1944 کو ممبئی بندرگاہ پر ایس ایس فورٹ اِسٹکن نامی بحری جہاز میں گولہ بارود کے ذخیرے میں آگ لگ گئی تھی۔ اس آگ پر قابو پانے کی کوشش میں ممبئی فائر بریگیڈ کے 66 افسران و اہلکار اپنی جان گنوا بیٹھے تھے۔ اس سلسلے میں دستۂ آتش فرو کی جانب سے کل ممبئی میں خدمات کی ادائیگی کے دوران جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے اہلکاروں کو خراجِ عقیدت پیش کیا گیا۔

***** ***** *****

## ::::::سرخیاں::::::

**آخر میں اس بلیٹن کی خاص خبریں ایک بار پھر:**

☆ غریبوں، کسانوں، نوجوانوں اور خواتین کو مرکز بنا کر تیار کردہ بی جے پی کے انتخابی منشور کا اجراء؛ کانگریس کی جانب سے سخت تنقید۔

☆ مراٹھا سماج کو او بی سی کوٹے سے ریزرویشن دینے کیلئے 5 جون سے غیر معینہ مدت کیلئے بھوک ہڑتال کا منوج جرانگے پاٹل کا انتباہ۔

☆ جالنہ ضلع کے عنبڑ میں تین بہن بھائیوں کی موت؛ والد گرفتار۔

اور۔۔۔ ☆ بھارت رتن ڈاکٹر بابا صاحب امبیڈکر کا یومِ پیدائش کل جوش و خروش سے منایا گیا۔

***** ***** *****

**اس کے ساتھ ہی علاقائی خبریں ختم ہوئیں۔**

ان خبروں کو آپ AIR چھترپتی سمبھا جی نگر یوٹیوب چینل، پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔

***** ***** *****